# PROVINCIAL ASSEMBLY SECRETARIAT, KHYBER PAKHTUNKHWA

https://www.pakp.gov.pk 0919210489 Ex-1215 https://www.facebook.com/pakpgov

**Most Immediate**
**Assembly Business**

**No.PA/Khyber Pakhtunkhwa Legis-I (R)/2026/5752**
**Date, Peshawar the 04 /05/2026/**

To,

The Secretary to Government of Khyber Pakhtunkhwa,
Administration Department.

Subject: - **RESOLUTION NO.248 ADOPTED BY THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA.**

Dear Sir,

I am directed to say that the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa in its sitting held on **28-04-2026** passed unanimously the following Resolution No.**248** moved by Ms. Amina Sardar, Member Provincial Assembly Khyber Pakhtunkhwa. The resolution is given below:-

یہ معزز ایوان اس امر کا اعتراف کرتا ہے کہ کفایت شعاری موجودہ معاشی حالات میں ایک ناگزیر قومی ضرورت بن چکی ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف کی جانب سے شروع کی گئی کفایت شعاری مہم ایک مثبت اور بروقت اقدام ہے، جسے مزید موثر مربوط اور ہمہ گیر بنانے کی اشد ضرورت ہے۔

یہ ایوان اس بات پر زور دیتا ہے کہ کفایت شعاری کو محض حکومتی اقدامات تک محدود رکھنے کے بجائے ایک قومی رویہ اور اجتماعی ذمہ داری کے طور پر اپنایا جائے، تاکہ اس کے ثمرات نہ صرف ریاست بلکہ عام عوام تک بھی مساوی طور پر پہنچ سکیں۔

لہذا یہ ایوان حکومت سے درج ذیل اقدامات پر سنجیدگی سے عمل درآمد کی سفارش کرتا ہے:

تمام سرکاری اداروں میں توانائی اور وسائل کے مؤثر، محتاط اور ذمہ دارانہ استعمال کو یقینی بنایا جائے۔

غیر ضروری سرکاری اخراجات، مراعات اور تعیشات میں مرحلہ وار اور قابل عمل کمی کی جائے۔

حکومتی سطح پر سادگی اور کفایت شعاری کو بطور عملی مثال فروغ دیا جائے تاکہ عوام کو واضح پیغام ملے۔

تعلیمی اداروں میں کفایت شعاری، سادگی اور ذمہ دار شہری ہونے کے شعور کو نصاب اور عملی سرگرمیوں کے ذریعے اجاگر کیا جائے۔

عوام میں آگاہی کے لیے میڈیا، سول سوسائٹی اور دیگر ذرائع کو مؤثر انداز میں استعمال کیا جائے تاکہ یہ مہم ایک قومی تحریک کی صورت اختیار کر سکے۔

شادی بیاہ اور دیگر تقریبات میں فضول خرچی کی حوصلہ شکنی کے لیے ون ڈش پالیسی کو مؤثر انداز میں نافذ کیا جائے تاکہ عام شہری پر مالی بوجھ کم ہو سکے۔

توانائی کے تحفظ کے پیش نظر شادی ہالز کے اوقات کار کو رات دس بجے تک محدود کیا جائے۔

اسی طرح کمرشل سرگرمیوں میں توانائی بچت کو یقینی بنانے کے لیے شاپنگ مالز اور بڑے تجارتی مراکز کو رات نو بجے تک بند کرنے کے اقدامات کیے جائیں۔

حکومتی ڈھانچے (Government Size) کو مؤثر اور متوازن بنانے کے لیے غیر ضروری اسامیوں اور انتظامی بوجھ کا از سر نو جائزہ لیا جائے، تاکہ وسائل کا ضیاع روکا جا سکے۔

ضلعی سطح پر انتظامی عہدوں، خصوصاً اسسٹنٹ کمشنرز اور دیگر عملے کی غیر ضروری تعداد کا جائزہ لے کر اسے ضرورت کے مطابق محدود کیا جائے، اور بلا جواز نئی بھرتیوں سے گریز کیا جائے۔

یہ ایوان اس عزم کا اعادہ کرتا ہے کہ کفایت شعاری کو فروغ دے کر ملک کی معاشی بہتری، قومی وسائل کے تحفظ اور ایک ذمہ دار، متوازن اور باشعور معاشرے کی تشکیل کو یقینی بنایا جائے گا۔

You are, therefore requested that action taken on the resolution may be intimated to this Secretariat within a period of ninety days from the date of its communication under sub-rule (2) of Rule 165 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa Procedure and Conduct of Business Rules, 2025 for circulation amongst the Members of the Assembly.

Yours faithfully,

**(SAJJAD AHMAD AWAN)**
Assistant Secretary-III